10536 ـ ايك كفريہ دين كو چھوڑ كر كسى دوسرے كفريہ دين ميں جانے والے شخص كا ذبح كيا ہوا گوشت كھانا

سوال

اگر كوئى نصرانى شخص كيمونسٹ ملحد يا بدھ مت مذہب اختيار كر لے تو كيا اس كا ذبح كيا ہوا جانور كھانا جائز ہے، اور اگر يہودى نصرانى بن جائے تو كيا ہم اس كا ذبيحہ كھا سكتے ہيں ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

فقہاء كرام كا اتفاق ہے كہ اہل كتاب ميں سے جو كوئى شخص بھى اہل كتاب كا دين ترك كر كے كوئى اور دين اختيار كرتا ہے تو اس كا ذبيحہ نہيں كھايا جائےگا، ليكن اگر وہ اپنا دين ترك كر كے اہل كتاب كا دين اختيار كر لے مثلا يہودى عيسائيت اختيار كر لے يا پھر عيسائى يہوديت اختيار كر لے تو جمہور علماء كرام جن ميں احناف، مالكى اورايك قول كے مطابق شافعى اور بالجملہ حنابلہ شامل ہيں كے مطابق اس كا ذبيحہ حلال ہے .